پریس ریلیز

پراسیکیوٹر جنرل پنجاب سید فرہاد علی شاہ کا محکمہ پراسیکیوشن کے ملازمین اوران کے بچوں کی ویلفئیر اور روشن مستقبل کے لئے احسن اقدام

آج مورخہ 09 اکتوبر 2024 کو پراسیکیوٹر جنرل پنجاب سید فرہاد علی شاہ نے محکمہ پراسیکیوشن کے تمام ملازمین کے بچوں کی ویلفیئر اور روشن مستقبل کے لئے دار ارقم سکول سے پراسیکیوشن ملازمین کے بچوں کی فیس میں ڈسکاؤنٹ کے لیے ایم اویو سائن کیا۔ ایم او یو پراسیکیوٹر جنرل پنجاب سید فرہاد علی شاہ اور سی ای او دار ارقم سکولز ڈاکٹر عمران مرزا نے سائن کیا۔ جس کے تحت پنجاب بھر میں محکمہ پراسیکیوشن کے تمام ملازمین کے بچوں کو داخلہ فیس میں ٪50 ڈسکاؤنٹ اور ماہانہ فیس میں ٪30 ڈسکاؤنٹ دیا جائے گا۔ اس کے ساتھ ساتھ سی ای او دار ارقم سکولز ڈاکٹر عمران مرزا نے پراسیکیوٹر جنرل پنجاب سید فرہاد علی شاہ سے ملازمین کے بچوں کو سپیشل کیسز میں مزید ڈسکاؤنٹ دینے کا بھی وعدہ کیا۔ اس موقع پر پراسیکیوٹر جنرل پنجاب سید فرہاد علی شاہ کا کہنا تھا کہ بطور سربراہ ادارہ میری ذمہ داری ہے کہ میں ادارہ کے ملازمین اوران کے بچوں کی ویلفیئر اور اچھے مستقبل کے لئے ہر ممکن کوشش کروں۔ یہ اس سلسلہ کا آغاز ہے۔ مستقبل میں مزید تعلیمی اداروں سے ایم او یوز کیے جائیں گے۔ پراسیکیوٹر جنرل پنجاب نے دارارقم سکول کے ساتھ ایم او یو کیلئے مس نزہت بشیر ڈپٹی پراسیکیوٹر جنرل پنجاب کی کاوشوں کو سراہا۔

از دفتر:

پراسیکیوٹر جنرل پنجاب

(انچارج میڈیا سیل)